غزوہ ذات الرقاع میں خوف کی نماز پڑھنے کا طریقہ

صالح بن خوات بن جبیر رضی اللہ عنہ ایک ایسے صحابی سے روایت کرتے ہیں جنہوں نے غزوہ ذات الرقاع میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز خوف پڑھی تھی (خوف کی نماز کا طریقہ یوں) نقل کرتے ہیں کہ (اس دن) ایک جماعت نے رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ (نماز کے لیے) صف بندی کی اور دوسری جماعت دشمن کے مقابل صف آرا ہو گئی چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے اس جماعت کو جو آپ ﷺ کے ساتھ تھی، ایک رکعت نماز پڑھائی اور پھر آپ ﷺ کھڑے رہے اور اس جماعت نے خود اپنی نماز پوری کی (یعنی جماعت میں شامل لوگوں نے دوسری رکعت تنہا پڑھ لی) پھر اس کے بعد یہ جماعت (نماز سے فارغ ہو کر) واپس ہوئی اور دشمن کے مقابل صف آرا ہوگئی اور وہ جماعت جو دشمن کے مقابل صف آرا تھی (نماز کے لیے) آگئی چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے وہ دوسری رکعت، جو باقی رہ گئی تھی، اس جماعت کے ساتھ پڑھی اور (تشہد میں) بیٹھے رہے اور پھر اس جماعت نے خود اپنی نماز پوری کی اور پھر آپ ﷺ نے ان کے ساتھ سلام پھیرا

[صحیح] [متفق علیہ]

نبی ﷺ اپنے صحابہ کے ساتھ ایک غزوہ میں تشریف لے گئے، جس میں اکثر صحابہ پیدل تھے جب وہ پاؤں ننگے ہونے کی وجہ سے نڈھال ہو گئے، تو اپنے قدموں پر کپڑوں کے چیتھڑے لپیٹ لیے نبی ﷺ کا دشمن کے ساتھ آمنا سامنا تو ہوا، لیکن قتال کی نوبت نہ آئی، تاہم مسلمانوں نے اپنے دشمنوں کو خوف زدہ ضرور کر دیا اس حدیث کی رو سے دشمن قبلہ کی سمت میں نہیں تھے، کیونکہ ان کے گھر مدینہ کے مشرقی جانب تھے چنانچہ نبی ﷺ نے مسلمانوں کے دو گروہ بنا دیے ایک گروہ نے نماز کے لیے صف بندی کر لی اور دوسرا گروہ نمازیوں کے پیچھے موجود دشمن کے سامنے کھڑا ہو گیا نبی ﷺ نے اپنے ساتھ موجود لوگوں کو ایک رکعت پڑھائی پھر آپ ﷺ دوسری رکعت کے لیے کھڑے ہوئے آپ ﷺ کھڑے رہے، جب کے لوگوں نے خود ہی اپنی دوسری رکعت پوری کی اور سلام پھیر دیا اور دشمن کی جانب چلے گئے پھر دوسرا گروہ آ گیا آپ ﷺ نے انہیں باقی ماندہ ایک رکعت پڑھائی پھر آپ ﷺ بیٹھے رہے، یہاں تک کے لوگوں نے کھڑے ہو کر خود ہی ایک اور رکعت پڑھ لی پھر آپ ﷺ نے ان کے ساتھ سلام پھیرا پہلے گروہ کو امام کے ساتھ تکبیر تحریمہ کہنے کی خصوصیت حاصل ہوئی اور دوسرے کو نماز سے نکلنے یعنی امام کے ساتھ سلام پھیرنے کی خصوصیت ملی یوں آپ ﷺ نے دشمن کو حملہ کرنے کا موقع نہ دیا اور اس کے ساتھ ساتھ امام کے ساتھ نماز کی فضیلت پانے میں بھی سب برابر کے شریک رہے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/5206